سوال نمبر: 796

منجانب: جناب احسان اللہ خان، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبپاشی ازکرم ارشاد فرمائیں گے کہ

| سوال | جواب |
|---|---|
| الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں واقع گومل زام پراجیکٹ موجود ہے؟ | الف) یہ درست ہے کہ گومل زام پراجیکٹ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان اور ضلع ٹانک میں موجود ہے۔ |
| ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو<br>(i) اس پراجیکٹ سے نہری نظام کے ذریعے پانی کی ترسیل کس طریقہ کار کے تحت بنائی گئی ہے۔ | ب) پانی کی ترسیل کیلئے باقاعدہ نہری نظام واپڈا نے مکمل کر کے محکمہ اریگیشن کے حوالے کیا۔ جس کے تحت 429 کلومیٹر لمبی نہریں بنائی گئی ہیں۔ جس کے تحت ضلع ڈیرہ اسماعیل خان اور ضلع ٹانک کا 191100 ایکڑ رقبہ سیراب کیا جا رہا ہے۔ جس کیلئے 850 کیوسک پانی مین کینال سے ریلیز کیا جاتا ہے۔ |
| ii) گومل زام سے منسلکہ علاقوں کیلئے موگہ جات کی درجہ بندی کس طریقہ کار کے تحت بنائی گئی ہے اور آیا مذکورہ پراجیکٹ کے ذریعے پانی کی ترسیل فعال ہے یا نہیں مکمل تفصیل مع دستاویزات فراہم کی جائے۔ | ii) گومل زام سے منسلکہ علاقہ جات کیلئے واپڈا نے 462 موگہ جات کی انجینیئرنگ چکبندی بنا کر محکمہ آبپاشی کے حوالے کی۔ جس کی بنیاد پر محکمہ آبپاشی نے ان 462 موگہ جات کی ریونیو چکبندی تیار کر کے محکمہ زراعت خیبر پختونخواہ کے ماتحت پراجیکٹ ڈائریکٹر گومل زام کمانڈ ایریا ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ کے حوالے کی۔ جس کے تحت ان 462 موگہ جات کے ساتھ واٹر کورسز (کھالہ جات) بنانے کی ذمہ داری پراجیکٹ ڈائریکٹر گومل زام ڈیم پراجیکٹ محکمہ زراعت کی ہے۔ عرصہ دس سال گزرنے کے بعد ابھی تک 190 واٹر کورسز (کھالہ جات) تعمیر ہو سکے ہیں اور 272 ابھی تکمیل کی مراحل میں ہیں۔<br>پانی کی ترسیل نہروں میں ڈیزائن کے مطابق فعال ہے۔ جبکہ واٹر کورسز (کھالہ جات) نہ ہونے کی وجہ سے نہروں سے زمینوں تک عارضی وارہ بندی کے تحت پانی مہیا کیا جا رہا ہے۔ |
| iii) آیا 2022 کے سیلاب سے متاثرہ گومل زام نہر اور اس سے نکلنے والے چھوٹے نہر وغیرہ اور موگہ جات کی مرمت کی گئی ہیں، اس کے علاوہ M&R Funds سے اس نہر کیلئے سالانہ کتنی رقم رکھی گئی ہے اور آیا وہ رقم ریلیز ہوئی ہے یا نہیں؟ | iii) 2022 کے سیلاب سے متاثرہ مین کینال اور دوسری چھوٹی بڑی نہروں کو گومل زام ڈویژن ڈی آئی خان نے Earthan بحال کیا ہے جس میں پانی چل رہا ہے اور نہروں کو پکے کرنے کا کام (Lining) جو کہ Closure nature work ہے، نہر بندی کے موقع پر ممکن ہو سکے گا۔<br>مزید یہ کہ موگہ جات سے نکلنے والی متاثرہ واٹر کورسز کی مرمت کا کام پراجیکٹ ڈائریکٹر گومل زام کمانڈ ایریا (PD-CADP) (محکمہ زراعت) کی ذمہ داری ہے۔<br>(M&R) فنڈ برائے سال 2023-24 صرف 20 ملین منظور ہوا تھا۔ جس میں صرف 15 ملین جاری کئے گئے۔ جو کہ مین کینال اور ڈسٹریوں کی مرمت اور بھل صفائی پر خرچ ہوئے۔<br>مزید یہ کہ سال 2024-25 کیلئے (M&R) کے تحت ابھی تک 41 ملین کی رقم مختص کرنے کی تجویز ہے۔ لیکن ابھی تک کوئی فنڈ نہروں کی مرمت اور بحالی کیلئے جاری نہیں کیا گیا۔ |

CamScanner